علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: حقوق الرسول (3903) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ رسول کا لغوی معنی لکھیں نیز رسول اللہ ﷺ پر ایمان کے تقاضے مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اطاعت رسول ﷺ کا حکم قرآن و سنت کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ صحابی کی تعریف کریں اور صحابہ کرام کا ادب واحترام اور اس کا حکم تفصیلاً قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ عصمت انبیاء علیہم السلام کے مفہوم کی وضاحت کے بعد اس پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کی اہمیت اور کوئی درود تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ عقیدۂ ختم نبوت قرآن و سنت کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نصرت رسول ﷺ کی اہمیت وافادیت پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اہل بیت اور ازواج مطہرات سے مراد واضح کرنے کے بعد ان کے ادب واحترام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ تحفظ ناموس رسالت کی ضرورت واہمیت پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نبی کریم ﷺ سے عقیدت و محبت پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)